**16.04.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........................ کلیم احمد

**Music**

☆ چھتیس گڑھ کے بستر خطے میں حفاظتی دستوں کے ساتھ جھڑپ میں دو ماؤ نواز ہلاک ہوگئے۔

☆ مالی سال 2024-25 میں بھارت کی برآمدات کی شرح ترقی میں ساڑھے پانچ فیصد اضافہ ہوا اور یہ 820 ارب 93 کروڑ ڈالر کی سطح پر پہنچ گئیں۔

☆ انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ، ہریانہ میں زمین کے ایک سودے سے متعلق، کالے دھن کو جائز بنانے کے کیس میں آج لگاتار دوسرے دن بھی رابرٹ واڈرا سے پوچھ تاچھ کر رہی ہے۔

☆ بھارت اور دیگر چار ملکوں نے اقوام متحدہ کی اصلاح شدہ کونسل میں مذہب کی بنیاد پر سیٹیں مختص کرنے کی تجویز کی مخالفت کی ہے۔

☆ اور IPL ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں، آج شام نئی دلی میں دلی کیپٹلس کا مقابلہ راجستھان رائلز سے ہوگا۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**CHHATTISGARH-ENCOUNTER**

چھتیس گڑھ کے بستر خطے میں سکیورٹی فورسز کے ساتھ ایک جھڑپ میں دو ماؤنواز ہلاک ہوگئے۔ اِن دونوں ماؤنوازوں پر مجموعی طور پر 13 لاکھ روپے کا انعام تھا۔ بستر رینج کے پولیس کے انسپکٹر جنرل سُندر راج پی نے بتایا کہ کل شام کونڈا گاؤں اور نرائن پور اضلاع کی سرحد سے متصل Kilam-Bargum گاؤوں کے جنگل میں اُس وقت مسلح لڑائی شروع ہوگئی، جب ڈسٹرکٹ ریزرو گارڈ کی ایک ٹیم نکسل مخالف کارروائی انجام دے رہی تھی۔ علاقے میں تلاشی کی کارروائی جاری ہے۔×

**BJP-NATIONAL HEARALD**

BJP نے آج کانگریس پر الزام لگایا ہے کہ وہ نیشنل ہیرالڈ کیس میں اپنے سینئر رہنماؤں راہل گاندھی اور سونیا گاندھی

کے خلاف فرد جرم داخل کئے جانے کے بعد انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ ED کو ڈرانے دھمکانے کی کوشش کررہی ہے۔ نئی دلی میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے سینئر BJP رہنما روی شنکر پرساد نے کہا کہ نیشنل ہیرالڈ کیس میں ED کی کارروائی، مقررہ اصولوں کے مطابق ایک قانونی عمل ہے، جس میں کانگریس آج اپنے احتجاج کے ذریعے رُکاوٹ ڈالنے کی کوشش کررہی ہے۔ انھوں نے پارٹی پر بدعنوانی کا الزام لگایا اور کہا کہ اس نے اپنے اقتدار کے دوران اس معاملے میں اپنے لئے بڑے پیمانے پر قرضوں کی منظوری حاصل کرنے کے لئے افسران کو رشوت دی۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ پارٹی نے ینگ انڈیا تنظیم کی آڑ میں غیر قانونی طور پر زمین بھی اپنے قبضے میں لی۔

اسی دوران کانگریس اپنے رہنماؤں کے خلاف فرد جرم داخل کئے جانے پر ملک گیر احتجاج کررہی ہے۔ پارٹی نے ED کی کارروائی کو، انتقامی سیاست قرار دیا ہے۔ کل ED نے دلی کی راؤز اوینیو عدالت میں ایک فرد جرم داخل کی تھی، جس میں نیشنل ہیرالڈ اخبار سے متعلق، کالے دھن کو جائز بنانے کے کیس میں سونیا گاندھی اور راہل گاندھی کا نام لیا گیا ہے۔x

## INCOME TAX

نئے انکم ٹیکس بل 2025 سے متعلق لوک سبھا کی چیدہ کمیٹی نئی دلی میں پارلیمنٹ ہاؤس میں ایک میٹنگ منعقد کررہی ہے۔ اِس 31 رُکنی کمیٹی کی قیادت BJP ممبر پارلیمنٹ بیجناتھ پانڈا کررہے ہیں۔ یہ کمیٹی اپنی رپورٹ پارلیمنٹ کے مانسون اجلاس کے پہلے دن داخل کرے گی۔ انکم ٹیکس بل 2025 کا مقصد، انکم ٹیکس سے متعلق قانون کو اور زیادہ ٹھوس بنانا اور اس میں ترمیم کرنا ہے۔ x

## EXPORT-IMPORT

بھارت کی اشیا اور خدمات کی برآمدات میں ساڑھے پانچ فیصد کی شرح ترقی درج کی گئی ہے اور یہ 2024-25 کے دوران اپریل سے مارچ کے درمیان ریکارڈ 820 ارب 93 کروڑ ڈالر کی سطح پر پہنچ گئی ہے۔ جبکہ پچھلے مالی سال میں یہ سطح عالمی مارکیٹ میں غیر یقینی صورتحال کے باوجود 778 ارب 13 کروڑ ڈالر تھی۔

تجارت و صنعت کی وزارت کے مرتب کردہ اعداد و شمار کے مطابق مذکورہ مدت کے دوران ملک کی کُل برآمدات، اندازاً 820 ارب 93 کروڑ ڈالر تھی اور مجموعی درآمدات تقریباً 915 ارب 19 کروڑ ڈالر تھی۔ تجارتی برآمدات مالی سال 2025 میں 437 ارب 40 کروڑ ڈالر تک پہنچ گئی اور غیر پٹرولیم برآمدات میں سال بہ سال کی بنیاد پر چھ فیصد کا اضافہ ہوا اور یہ بڑھ کر 374 ارب آٹھ کروڑ ڈالر مالیت کی ہوگئیں۔x

## ED ROBERT VADRA

انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ ED، ہریانہ میں زمین کے ایک سودے سے متعلق، کالے دھن کو جائز بنانے کے کیس میں آج لگاتار دوسرے دن بھی رابرٹ واڈرا سے پوچھ تاچھ کررہی ہے۔ واڈرا، کانگریس کی سینئر رہنما پرینکا گاندھی کے شوہر ہیں۔ اُن سے یہ پوچھ تاچھ نئی دلی میں ED کے دفتر میں کی جارہی ہے۔ اس کیس کا تعلق جناب واڈرا کی کمپنی کے ہاتھوں، گڑگاؤں میں ایک زمین کی خریداری سے ہے۔ x

## J&K-NIA

قومی تحقیقاتی ایجنسی NIA نے تین ملزموں کے خلاف ایک فرد جرم داخل کی ہے، جس میں پاکستان کا ایک سرغنہ بھی شامل ہے۔ یہ فرد جرم سرحدی ضلع پنچھ میں ایک دہشت گردانہ سازش کے کیس میں داخل کی گئی ہے۔ اس کیس کا تعلق ہتھیار اور گولہ بارود برآمد کئے جانے سے ہے۔ یہ فرد جرم جموں میں NIA کی ایک خصوصی عدالت میں پیش کی گئی، جس میں عبدالعزیز، منور حسین اور ناظر حسین عرف علی خان کے نام لئے گئے ہیں۔ اِن لوگوں پر BNS 2023 کی شق نمبر اکسٹھ ۔دو کے تحت الزام عائد کئے گئے ہیں۔ ان لوگوں پر غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام کے قانون UAPA کی شقوں اور ہتھیاروں کے قانون کی شقوں کے تحت بھی الزام عائد کئے گئے ہیں۔

ناظر حسین فی الحال پاکستانی مقبوضہ کشمیر POK میں سرگرم ہے اور وہ ممنوعہ 'جموں اور کشمیر غزنوی فورس' JKGF دہشت گرد تنظیم کا کارندہ ہے۔ NIA کے تحقیق کاروں کے مطابق ناظر، کشمیر کے بھولے بھالے لوگوں کو ورغلانے میں ملوث تھا، تاکہ انھیں مختلف دہشت گرد تنظیموں اور اُنکے ساتھیوں کی تیار کردہ بڑی سازش کے حصے کے طور پر، تشدد کی کارروائیوں میں سرگرم کیا جاسکے، جس کا مقصد خطے میں دہشت گردانہ سرگرمیاں جاری رکھنا ہے۔ NIA نے اکتوبر 2024 میں جموں و کشمیر پولیس میں ایک FIR کی بنیاد پر یہ کیس درج کیا تھا، جب پولیس کی ایک پارٹی نے پنچھ میں سُرن کوٹ کے مقام پر عبدالعزیز کو گرفتار کیا تھا اور اُس کے تھیلے سے دو گرینیڈ برآمد کئے تھے۔

اُس سے کی گئی پوچھ تاچھ کی بنیاد پر منور حسین کو گرفتار کیا گیا تھا، جس کے پاس سے ایک پستول، ایک میگزین اور نو کارتوس برآمد ہوئے تھے۔ NIA نے بتایا کہ تحقیقات سے انکشاف ہوا کہ یہ دونوں ملزم اپنے آقا ناظر کے ساتھ رابطے میں تھے۔ ان لوگوں کی گرفتاری سے ایک سازش کا پتہ چلا جو سرحد پار سے، تشدد اور دہشت گردانہ کارروائیوں کے ذریعے جموں و کشمیر میں بدامنی پھیلانے کے مقصد سے رچی گئی تھی تاکہ خطے کی فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور امن کو نقصان پہنچایا جاسکے۔x

## JAISHANKAR NORTH EAST

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ شمال مشرقی خطّہ پڑوس مقدم، مشرق نواز یا بمسٹیک جیسی کئی کلیدی بھارتی

پالیسوں کا مرکز ہے۔ انہوں نے کہا کہ وقت کے ساتھ خطّے کی اہمیت میں اضافہ ہوگا۔ جناب جے شنکر کل شمال مشرقی خطّوں کے فروغ کی وزارت کے ذریعے منعقد کیے گئے آئندہ شمال مشرقی سرمایہ کاری اجلاس 2025 کے لیے سفیروں کی ایک میٹنگ سے خطاب کر رہے تھے۔ ڈاکٹر جے شنکر نے غیر ملکی سفیروں پر زور دیا کہ وہ اس خطّے کا دورہ کریں اور اس کی خصوصیات کو اپنی حکومتوں اور صنعتوں میں فروغ دیں۔×

## ECI-BIHAR POLLS

انتخابی کمیشن نے آئندہ بہار اسمبلی انتخابات کیلئے تیاریاں شروع کردی ہیں۔ چناؤ سے متعلق یہ ادارہ آج سے ریاست میں بوتھ سطح کے ایجنٹوں BLAs کیلئے ایک تربیتی پروگرام منعقد کررہا ہے۔ بہار کی 10 مختلف سیاسی پارٹیوں کے تقریباً 280 BLAs نئی دلّی میں دو روزہ تربیتی پروگرام میں شرکت کررہے ہیں۔ پروگرام کے دوران انتخابی کمشنروں ڈاکٹر سکھبیر سنگھ سندھو اور ڈاکٹر وِویک جوشی کے ساتھ ساتھ اعلیٰ انتخابی کمشنر گیانیش کمار نے مذکورہ پروگرام میں BLAs سے خطاب کیا۔

کمیشن نے انتخابی عمل میں BLAs کے شامل ہونے کی اہمیت پر زور دیا اور کہا کہ اس تربیتی پروگرام سے اُن کی ذمہ داریوں کو پورا کرنے میں مدد ملے گی۔ BLAs کو، اُن کی تقرریوں، کردار پیش نظر قانونی فریم ورک کے مطابق ذمہ داری دی گئی ہیں۔ یہ تربیتی پروگرام انہیں تیاریوں، چناؤ فہرستوں کے اپ ڈیٹ اور نظر ثانی کرنے نیز اس سے منسلک فارم اور فارمیٹ سمیت انتخابی عمل کے مختلف پہلوؤں کے ساتھ انہیں واقف کرائے گا۔ 243 رُکنی بہار آسمبلی کیلئے انتخابات اس سال کے آخر میں منعقد ہوں گے۔×

## AIRPORT RAKING

دلی میں اندرا گاندھی بین الاقوامی ہوائی اڈے IGI کو 2024 میں دنیا کے مصروف ترین ہوائی اڈوں میں نواں مقام دیا گیا ہے۔ اس ہوائی اڈے پر سات کروڑ 78 لاکھ مسافروں کی آمد و رفت رہی۔ مسافروں کی یہ آمد و رفت 2023 کے مقابلے 7 اعشاریہ آٹھ فیصد زیادہ اور 2019 کے مقابلے 13 اعشاریہ چھ فیصد زیادہ رہی۔ اس طرح اس ہوائی اڈے کی مستحکم شرح ترقی ظاہر ہوتی ہے۔ امریکہ کے Hartsfiel-Jackson Atlanta بین الاقوامی ہوائی اڈے کو، ہوائی اڈوں کی کونسل کی بین الاقوامی ACI فہرست میں پہلا مقام دیا گیا ہے۔ اس ہوائی اڈے پر پچھلے سال دس کروڑ 80 لاکھ سے زیادہ مسافروں کی آمد و رفت رہی۔

دلی کے IGI ہوائی اڈے کو نواں مقام اس لئے حاصل ہوا ہے کہ اس پر پروازوں کی آمد و رفت میں اضافہ کیا گیا ہے۔ بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنایا گیا ہے اور عالمی رابطوں میں توسیع کی گئی ہے۔ اس سے پہلے 2018 میں IGI ہوائی اڈے کو دنیا میں 16 واں مصرف ترین ہوائی اڈہ قرار دیا گیا تھا۔x

**NCW-MURSHIDABAD**

خواتین کے قومی کمیشن NCW نے، مغربی بنگال کے مرشد آباد ضلع میں تشدد کی تحقیقات کے لئے ایک کمیٹی تشکیل دی ہے۔ NCW کی چیئر پرسن وجے راحت کر کی قیادت میں یہ چار رکنی کمیٹی مرشد آباد ضلع میں تشدد سے متاثرہ علاقوں کا دورہ کرے گی تاکہ مقامی متاثرین اور اُن کے کنبوں سے بات چیت کی جاسکے۔ یہ ٹیم ڈسٹرکٹ ضلع مجسٹریٹ اور پولیس سپرنٹنڈنٹ سے بھی ملاقات کرتے گی۔x

**GeM INSURANCE**

حکومت کی ای مارکیٹ پلیس GeM، جو سرکاری بھرتی کے لئے، بھارت کے لئے سب سے بڑی ای مارکیٹ پلیس ہے، اُس پر ایک لاکھ 30 ہزار کروڑ سے زیادہ افراد کے بیمے کی سہولت مہیا کرائی گئی ہے، جس میں صحت، زندگی اور ذاتی حادثے کی بیمہ پالیسی بھی شامل ہے۔ یہ سہولت مالی سال 2024-25 میں فراہم کی گئی ہے۔

تجارت و صنعت کی وزارت نے ایک بیان میں کہا ہے کہ GeM نے اسی مالی سال کے دوران دس سال افرادی قوت کے وسائل بھی مہیا کئے ہیں۔ GeM کے CEO اجے بھادو نے اس کامیابی کے بارے میں کہا کہ یہ مارکیٹ پلیس بلا رُکاوٹ، محفوظ اور کم خرچ بھرتی کا ایک طریقہ کار ہے۔ x

**G-4 RELIGIOS REPERSENTATION**

بھارت اور برازیل، جرمنی اور جاپان سمیت دیگر G4 ملکوں نے، اقوام متحدہ کی اصلاح شدہ سلامتی کونسل میں مذہب کی بنیاد پر سیٹیں مختص کرنے کی تجویز کی مخالفت کی ہے۔

اقوام متحدہ میں بھارت کے مستقل نمائندے پاروت نینی ہریش نے کہا کہ کونسل کی اصلاح میں، مذہبی وابستگی جیسے نئے معیارات کو شامل کیا جانا، اقوام متحدہ کے طور طریقوں کے خلاف ہے۔ وہ کل G4 کی طرف سے کونسل اصلاحات کے بارے میں، نیویارک میں اقوام متحدہ کے صدر دفتر میں بین حکومتی مذاکرات IGN کی ایک میٹنگ سے خطاب کررہے تھے۔

بھارت کے اقوام متحدہ کے ایلچی نے زور دے کر کہا کہ علاقائی نمائندگی، نہ کہ مذہب، کونسل کی رُکنیت کیلئے اصل بنیاد ہے۔

**CHINA TRADE NEGOTIATOR**

چین نے، امریکہ کے ساتھ محصول کے معاملے پر جاری کشیدگی کے دوران آج، بین الاقوامی تجارت سے متعلق ایک نئے سرکردہ بین الاقوامی مذاکرات کار کا تقرر کیا ہے۔ حکومت نے کہا ہے کہ Li Chengang کو، Wang Shouwen کی جگہ مقرر کیا گیا ہے، جنھوں نے چین اور امریکہ کے درمیان 2020 کے تجارتی سمجھوتے کے مذاکرات میں شرکت کی تھی۔

چین کو اپنی برآمدات، امریکہ بھیجنے پر فی الحال 145 فیصد ٹیکس کا سامنا ہے۔ جبکہ دیگر ملکوں کو زیادہ تر محصولات پر 90 دن کی مہلت دی گئی ہے۔x

## LIBYA BOAT CAPSIZED

لیبیا میں، مشرقی ساحل کے قریب، تارکین وطن کی ایک کشتی اُلٹ جانے کے حادثے میں کم سے کم 11 افراد ہلاک ہوگئے۔ یہ حادثہ مشرقی لیبیا میں سِرت شہر کے نزدیک پیش آیا۔ بچاؤ ٹیموں نے سمندر سے ابھی تک 11 لاشیں برآمد کی ہیں۔

## IPL-CRICKET

آئی پی ایل کرکٹ میں آج شام دلّی میں، دلّی کیپٹلز کا مقابلہ راجستھان رائلز سے ہوگا۔

کل شام چنڈی گڑھ میں کھیلے گئے مقابلے میں پنجاب کنگز نے کولکاتہ نائٹ رائڈرس کو 16 رَن سے شکست دی۔ 112 رَن کے ہدف کا پیچھا کرتے ہوئے کولکاتہ نائٹ رائڈرس 15 اوورز اور ایک گیند میں 95 رَن بناکر آؤٹ ہوگئی۔ IPL کی تاریخ میں کسی بھی ٹیم کے ذریعہ بنایا گیا یہ سب سے کم اسکور ہے۔ پنجاب کنگس کیلئے Yuzvendra Chahal نے اپنی بہترین کارکردگی دکھاتے ہوئے چار وکٹ لئے، انہیں میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆